۳۸

# خواص کوڑی

استاذ الحکما حکیم محمد عبداللہ



سلیمانی

Hakeem Hafiz M.Abid Saeed 03456691276

Scanned by CamScanner

# ترتیب

Facebook | کتب خانہ طبیب

دیباچہ ........ ۴
کوڑی کا تعارف ........ ۶
سر کی بیماریاں ........ ۸
آنکھوں کی بیماریاں ........ ۱۱
کان اور دانت کی بیماریاں ........ ۱۵
منہ اور گلے کی بیماریاں ........ ۱۸
سینہ اور پھیپھڑے کی بیماریاں ........ ۲۰
معدہ' آنتوں' جگر اور تلی کی بیماریاں ........ ۲۳
گردہ' مثانہ و مقعد کی بیماریاں ........ ۲۸
جلد کی بیماریاں ........ ۳۰
بخار ........ ۳۶
مردوں اور عورتوں کی خاص بیماریاں ........ ۳۹
متفرقات ........ ۴۲
کشتہ جات ........ ۴۴

Hakeem Hafiz M.Abid Saeed03456691276

Scanned by CamScanner

# دیباچہ

تمام تعریفوں اور توصیفوں کا حق دار صرف خالق حقیقی اور شافی برحق ہے۔ جس کا نام ہی امراض روحانی و جسمانی کے دفع کرنے کو کافی ہے۔ اور لاکھوں صلوٰۃ و سلام حضور محمد رسول اللہ ﷺ پر ہوں۔ جن کی وساطت سے ہمیں راہ حق نصیب ہوئی۔

اما بعد! قدرت خود ایک مہربان اور مشفقہ معالجہ ہے۔ انسان خواہ وہ صحرائے اعظم یا عربستان کا رہنے والا ہے' یا کوہ ایلپس کی پر فضا وادی کا باشندہ ہے۔ خواہ وہ سٹیپ کے مرغزاروں میں مقیم ہے۔ یا قطب شمالی اور اس کے دور دراز سرد و خشک برف پوش خطوں میں سکونت پذیر ہے۔ خواہ وہ خط استواء کے مہیب اور گھنے جنگلوں میں الجھا ہوا ہے۔ یا وہ بام دنیا تبت کی سطح مرتفع پر متمکن ہے۔ المختصر خواہ وہ دنیا کے کسی اور کیسے ہی خطے میں بود و باش رکھے ہوئے ہے۔ قدرت کاملہ کا مطب بھی وہیں موجود ہے۔

صحراؤں اور ان کے قرب و جوار کی روح پرور راتیں نہایت ٹھنڈی ہوتی ہیں۔ چاند کی موہنی چاندنی اس دلکش اور جاذب نظر فضا میں اور بھی ناقابل بیان اضافہ کر دیتی ہے یہاں کے باشندے شام کا کھانا کھانے کے بعد اپنے بال بچوں سمیت برہنہ پا' ریتلے ٹیلوں کی سیر کرتے ہیں۔ اور سیر و تفریح کا روح پرور لطف اور طبی حیات پرور اثرات کسی صورت میں بھی اس لطف و سرور اور جسمانی فوائد سے کمتر اور کم پایہ کے نہیں ہو سکتے۔ جو کسی شہر بے نظیر جیسے ارضی فردوس میں گل گشت کرنے سے میسر آ سکتے ہیں۔ ایسے میدانوں میں جہاں بارش کم ہوتی ہے۔ غلے کی پیداوار اس کی بالیدگی اور پختگی' عمدگی سے انجام نہیں پاتی۔ چھوٹی چھوٹی گھاس اُگتی ہے۔ لوگ بھیڑ بکریاں پال کر اپنا گزارا کرتے ہیں۔ یہ بھیڑ بکریاں جہاں ان لوگوں کو فکر معاش سے بے نیاز رکھتی ہیں۔ وہاں ان کی جسمانی امراض سوزیوں میں بھی ان کا پورا پورا ہاتھ ہے۔ چنانچہ بھیڑ اور بکری کے فوری اثر بروقت تیر بہدف کے مصداق ثابت ہونے والے نسخہ جات سے اطبائے نامدار اچھی طرح واقف ہیں۔

قطب شمالی کے دور دراز سرد خشک اور برف پوش خطے میں جہاں کے باشندوں کو مہذب دنیا اسکیمو کے نام سے پکارتی ہے۔ ان کی زیست' بود و باش اور معاشرت کا تمام تر انحصار برف

Scanned by CamScanner

اور برف کے جانوروں رینڈیر پر ہے۔ رینڈیر ہی ان کی غذا' یہی ان کا لباس اور یہی ان کی گاڑی کا انجن ہے۔ تمام جسمانی امراض کا علاج برف اور رینڈیر کے کسی نہ کسی حصے سے کرتے ہیں۔ خط استواء کے مہیب اور گھنے جنگلوں کا سانپ جہاں ان باشندوں کے لیے فرشتۂ اجل سے کم نہیں۔ وہاں اسی کے پتے' مہرہ اور دل کے چھالوں سے اکسیری طلا جات کایا کلپ نسخہ جات تیار ہوتے ہیں۔ جن کو دیکھ کر لقمان بھی انگشت بدنداں رہ جائے۔

بعینہٖ بام دنیا تبت کوہ ہمالیہ اور اس کی سرسبز وادیوں میں انواع و اقسام کی بوٹیاں پائی جاتی ہیں۔ جن کو فیاض حقیقی نے بے شمار انعامات سے مالا مال کیا ہوا ہے وہ انعامات جن کے دو چار کا علم ہو جانے کی وجہ سے سنیاسی لوگوں کی دنیا میں دھاک بندھی ہوئی ہے۔ جن کو وہ اپنے عیبوں کی طرح پوشیدہ رکھتے ہیں۔ جن کو وہ سالہا سال کی خدمتوں کے بعد بھی بتانا نہیں چاہتے۔ اور اس قسم کے صد ہا راز ''پاکستان و ہندوستان کی جڑی بوٹیاں'' نامی کتاب میں کھولے جا رہے ہیں۔

مندرجہ بالا سطور کے مطالعہ کے بعد آپ محض اس نتیجے پر ہی نہیں پہنچیں گے کہ قدرت کا مطب ہر جگہ ہے۔ بلکہ اس سربستہ راز سے بھی کماحقہ آشنا ہو جائیں گے کہ معالجہ فطرت کی سحر کاریاں جہاں ہر چیز میں موجود ہیں۔ وہاں ان چیزوں کی تاثیرات بھی اسی ملک کے مرضاء کو بہ نسبت غیر ملکی مریضوں کے زیادہ موافق آ کر موجب صحت ہوتی ہیں۔ چنانچہ اسی نظریہ کو مدنظر رکھتے ہوئے احقر نے ایک مدت سے سلسلہ مفردات شروع کیا ہوا ہے جو خدا کے فضل و کرم سے ۴۷ تک پہنچ چکا ہے۔ اس سلسلے میں محض ایسی چیزوں کے خواص بیان کیے گئے ہیں۔ جو کہ غریب سے غریب گھر میں بھی مل جاتی ہیں۔ مثلاً خواص نمک' مرچ' ہلدی' دھنیا' لہسن' دودھ' دہی' شہد وغیرہ وغیرہ

علاوہ ازیں ایسی چیزوں کے خواص بھی تحریر کیے گئے ہیں جو ہر جگہ عام اور سستی یا بالکل مفت مل جاتی ہیں۔ مثلاً خواص آک' پھٹکڑی' ستیاناسی' گھیکوار' پیاز' کیکر' سرس' برگد' پیپل' اندرائن' ارنڈ' انار' لیموں' ریٹھہ' سنگترہ' انگور' سیب' کدو' سونف' مولی' گاجر' تربوز' آم وغیرہ۔

آج حسب وعدہ آپ کی خدمت میں خواص کوڑی پیش کرتا ہوں۔ جو بے شمار بیماریوں کے لیے اکسیر صفات کی سرمایہ دار ہے۔ دعا کریں اللہ مجھے توفیق دے تا کہ میں اسی طرح آپ کی خدمت کرتا رہوں۔

خاکسار...... حکیم محمد عبداللہ

Scanned by CamScanner

# خواص کوڑی

پہلا باب

## کوڑی کا تعارف

### مختلف نام

| | | | |
|---|---|---|---|
| اردو | کوڑی | سنسکرت | درات |
| گجراتی | کوڑی | فارسی | خرمہرہ |
| ہندی | کچکوڈی | مرہٹی | کوڈی |
| عربی | دوع | بنگلہ | کڈی |
| بلوچی | کچک | سندھی | کوڈیون |
| پنجابی | گوڈی | انگریزی | گوری (Gowrie) |

**ماھیت** : کوڑی ایک سمندی جانور کا خول ہے۔ جو اس کے اندر رہتا ہے۔ یہ خول اس کی جائے پناہ اور سپر کا کام دیتا ہے۔ پانی سے علیحدہ کرنے پر فی الفور

Scanned by CamScanner

مرجاتا ہے۔ جو کہ خوش رنگ اور چمکدار ہوتا ہے۔

**طبیعت** : دوسرے درجے میں گرم خشک ہے۔ لیکن ویدوں کے نزدیک سرد خشک ہے۔

**اقسام** : کوڑی بناوٹ اور ساخت کے اعتبار سے مندرجہ ذیل اقسام پر مشتمل ہے۔

**الف۔ کوڑی کلاں** : جسے اہل فارس سفید مہرہ، بادمہرہ اور حلزون کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ ہمارے ملک میں سنکھ کے نام سے مشہور ہے۔ جو مندروں اور شوالوں میں صبح وشام اکثر بجایا جاتا ہے۔

**ب۔ گھونگا** : یہ سنکھ کی چھوٹی قسم ہے۔ شیراز گوش ماہی اس کا فارسی نام ہے۔

**ج۔ سیپ** : بہترین کوڑی: طبی نکتہ نگاہ کے اعتبار سے حکماء اور ویدوں کے نزدیک دواء اور کشتہ جات کے لیے ایسی بہترین تسلیم کی جاتی ہے۔ جس کا رنگ زرد پشت والے۔ ذائقہ تیز اور شیریں وزن ڈیڑھ تولہ، چوڑی اور مستوی۔ کیونکہ یہ قوی العمل تیز ہے، چنانچہ کوڑی جس قدر ہلکی اور چھوٹی ہو گی۔ اتنی ہی قوت اور خواص کے اعتبار سے گھٹیا ہو گی۔

**مضر** : پھیپھڑوں کے لیے مضرت رساں ہے۔

**مصلح** : اس کی اصلاح شہد سے ہوتی ہے۔ نیز سرکہ سے بھی اس کے مضار کا ازالہ ہو جاتا ہے۔

**بدل**: سیب۔

❀❀❀

Scanned by CamScanner

دوسرا باب

# سر کی بیماریاں

## (۱) درد سر

**هوالشافی :** کوڑی زرد حسب ضرورت لے کر مٹی کے کوزہ میں ڈال کر اوپر شیر مدار اس قدر ڈالیں کہ ایک ایک انگل اوپر آ جائے۔ بعدہ گل حکمت کر کے دس پندرہ سیر اپلوں کے درمیان رکھ کر کشتہ کر لیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک کر کے محفوظ رکھیں۔ اور ضرورت کے وقت ایک رتی تک نسوار دیں۔ ان شاء اللہ درد فی الفور رفع دفع ہو جائے گا۔

## (۲) درد سر کا خوراکی نسخہ

**هوالشافی :** کشتہ کوڑی ایک تولہ' سوڈا اسیلی سلائٹ ایک تولہ۔ دونوں کو خوب باریک پیس کر احتیاط سے رکھیں۔ خوراک ۴ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ دودھ یا گرم پانی۔ علاوہ ازیں زکام و نزلہ کو بھی از حد مفید ہے۔ اوپر کی نسوار دیں' اور یہ کھلائیں ان شاء اللہ شفا ہو جائے گی۔

## (۳) مرہم درد سر

**هوالشافی :** کشتہ خرمہرہ' یعنی کوڑی ایک تولہ' کافور ۶ ماشہ۔ ست پودینہ ۳

Scanned by CamScanner

ماشہ۔ ست اجوائن ۳ ماشہ۔ موم ایک تولہ۔ گھی ایک تولہ۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر۔ گھی میں ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب گھی خوب گرم ہو جائے۔ تو موم شامل کر دیں۔ موم حل ہو جانے پر نیچے اتار لیں۔ سرد ہونے پر کسی نفیس سی ڈبیہ میں لگا رکھیں۔ ضرورت کی وقت اس اعجاز نما مرہم سے ایک ماشہ لے کر پیشانی اور کنپٹیوں پر خوب مالش کر کے ذرا دھوپ میں بیٹھ جائیں۔ ان شاء اللہ فی الفور درد کافور ہو جائے گا۔

## (۴) ضعف دماغ

گو یہ نسخہ بالکل معمولی سا معلوم ہوتا ہے۔ مگر فوائد کے لحاظ سے بڑے بڑے نسخے اس کا پلہ نہیں پکڑ سکتے۔ خداوند کریم نے کوڑی کو لا انتہا فوائد سے بھرپور اور مالا مال کیا ہوا ہے۔ مگر ایسی ادویات سے فائدہ وہی اٹھا سکتے ہیں۔ جن کا ذات باری تعالیٰ اور اس کی پیدا کی ہوئی معمولی چیزوں پر پورا پورا اعتقاد ہو۔ میں ذیل میں ایک نہایت اعلیٰ نسخہ عرض کرتا ہوں۔ جو کہ بحکم خدا دماغ کی جملہ امراض کی واحد اور بے خطا دوا ہے۔

**ھوالشافی :** کوڑی ۲ تولہ' صدف ۲ تولہ' دونوں کو جوشاندہ گاؤزبان کے ہمراہ دو دن تک خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر مٹی کے کوزے میں بند کر کے گل حکمت کریں۔ اور دس جنگلی اپلوں کی آگ میں کشتہ کر لیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر بحفاظت شیشی میں رکھیں۔ ضرورت کے وقت چار رتی سے ایک ماشے تک نہار منہ' مکھن میں رکھ کر دیا کریں۔ امراض دماغی جو کہ ضعف دماغ سے لاحق ہو گئے۔ ان سب کے لیے اکسیری تحفہ ہے' اس کے چند روز کے استعمال سے دماغ

Scanned by CamScanner

از حد طاقت ور ہو جاتا ہے۔

## (۵) مرگی

اکثر اکابر حکماء اور نامدار ڈاکٹر اس امر پر متفق ہیں۔ کہ مرگی کا دورہ ایک دماغی کیڑے کی حرکت سے ہوا کرتا ہے۔ میری دعا ہے کہ خداوند کریم اس دشمن جان سے ہر ایک کو بچائے رکھے۔ ذیل میں ایک نہایت مجرب چٹکلہ ہدیہ قارئین کرام کرتا ہوں۔ جس کے استعمال سے ان شاء اللہ العزیز کلی طور پر صحت ہو جاتی ہے۔ نسخہ مبارک یہ ہے۔

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ سات ماشے' اونٹ کے ناک کے کیڑے ۷ عدد' مرچ سیاہ ۳ ماشہ' کچھوے کی خشک کھوپڑی تین ماشے لے کر باریک پیس کر مثل غبار بنا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت دورہ پڑنے پر مریض کے ناک میں بقدر تین رتی دوا دونوں نتھنوں میں کسی نلکی وغیرہ کے ذریعے سے پھونک دیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ کیڑا خارج ہو کر دورہ سے کلی نجات حاصل ہو گی۔ اس طریقہ سے تین چار بار کے عمل سے اگر خداوند کریم کا فضل شامل حال رہا تو بالکل کلی صحت نصیب ہو جائے گی۔

Scanned by CamScanner

تیسرا باب

# آنکھوں کی بیماریاں

## پڑبال چشم

پلکوں کے اندر زائد بال پیدا ہو جانے کا نام پڑبال ہے۔ یہ مرض نظر کی سخت دشمن ہے' اکثر اوقات اس سے آنکھوں کو سخت درد' میل' سرخی و خارش' پانی بہنا' ضعف بصارت وغیرہ وغیرہ عوارضات لاحق ہو کر موجب تکلیف بن جاتے ہیں' بعض مرتبہ یہ بال باہر کی طرف مڑ جاتے ہیں۔ تو ان سے خراش تو اتنی نہیں ہوتی' لیکن دیکھتے وقت تمام چیزوں میں سیاہ رنگ کی لکیریں نظر آتی ہیں۔ ذیل میں ایک نہایت اعلیٰ ٹوٹکہ مرقوم ہے۔ بنا کر آزمائش کریں۔

(۶) **هوالشافی :** کوڑی خورد حسب ضرورت لے کر ایک چینی کے برتن میں ڈال کر آب لیموں میں اکیس یوم تک بھگو رکھیں۔ اکیس یوم کے بعد نکال کر سایہ میں خشک کر کے کھرل کر ڈال کر بہت باریک پیس کر غبار کی مانند بنالیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ رات کے وقت موچنے سے بال اکھاڑ کر سلائی کے ذریعے یہ دوائی آنکھ میں لگایا کریں۔ چند بار کے لگانے سے مرض بالکل دور ہو جاتا ہے۔ اور پھر ہرگز عود نہیں کرتا اکثر مرتبہ کی مجرب اور بے ضرر دوا ہے۔

Scanned by CamScanner

## (۷) درد چشم

**ھوالشافی :** ہر قسم کے درد چشم کو مفید ہے۔کوڑی کو سفید چنبیلی کے تیل میں گھس کر آنکھ میں لگائیں۔ان شاء اللہ ہر قسم کا درد رفع ہو جائے گا۔

## (۸) بیاض چشم

**ھوالشافی :** کوڑی خورد زرد رنگ کی چھ عدد لے کر تین تولہ عرق لیموں میں بھگو رکھیں۔ایکیس یوم کے بعد نکال کر تخم سرس ۲ ماشے، سرمہ ۲ تولے، جواہر نوشادر تین ماشہ، برادہ ناخن فیل ۳ ماشہ، سب ادویہ کو باریک پیس کر پارچہ بیز کر کے دو یوم متواتر آب برگ سرس میں کھرل کر کے خشک ہونے پر شیشی بھر رکھیں۔اور حاجت کیوقت کام میں لائیں۔بوقت خواب ایک سے دو سلائی لگایا کریں۔ان شاء اللہ پھولا دور ہو جائے گا۔

## (۹) پھولے کی مجرب بتیاں

مذکورہ بالا کی طرح یہ نسخہ بھی ہمہ صفت موصوف ہے تجربہ کر کے دیکھیں۔ ان شاء اللہ مجرب ہی پائیں گے۔

**ھوالشافی :** کوڑی زرد خورد ایک تولہ چینی کے پیالے میں ڈال کر اوپر سے عرق لیموں اس قدر ڈالیں کہ کوڑیوں سے تین انگل اوپر رہے۔جب عرق جذب ہو جائے تو اور ڈال دیں اور اسی طرح تین مرتبہ کریں۔اب اس میں کشتہ پوست بیضہ مرغ مساوی الوزن شامل کر کے لیموں کے عرق مقطر کے ہمراہ ایک ہفتہ عشرہ تک کھرل کریں۔زاں بعد قدرے شہد ملا کر چار گھنٹہ متواتر کھرل کر کے بتیاں

Scanned by CamScanner

تیار کریں۔ خشک ہونے پر محفوظ رکھیں۔

ضرورت کے وقت پانی میں گھس کر سلائی سے آنکھ میں لگایا کریں' بفضلہٖ خدا تھوڑے عرصے میں پھولا' دھند' غبار' سرخی وغیرہ سب کافور ہو جائیں گے۔

(۱۰) **ھوالشافی :** کوڑی زرد ۵ عدد' فلفل سفید ایک ماشہ' الا ئچی خورد ایک ماشہ' سنگ بصری ایک ماشہ' تخم سرس سیاہ تین ماشہ' پھٹکڑی خام ایک ماشہ۔ سب کو ملا کر خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کر کے سرمہ کی طرح باریک پیس کر بحفاظت رکھیں۔ دونوں وقت اللہ کا نام لے کر تین تین سلائی لگایا کریں۔ بہت سی امراض چشم کی مجرب دوا ہے۔

## (۱۱) بچوں کے گل چشم کا شرطیہ علاج

**ھوالشافی :** نیلے رنگ کی کوڑی حسب ضرورت لے کر پندرہ دن عرق لیموں میں تر رکھیں۔ بعدہ نکال کر دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں۔ اب اس کے ہموزن پھٹکڑی بریاں ملا کر دو روز عرق لیموں سے کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ ضرورت کے وقت سلائی سے آنکھوں میں لگایا کریں۔

## (۱۲) سرمہ مفید العین

دھند' جالا' پھولا' آنکھوں سے پانی بہنا' سرخی' خارش' ابتدائے موتیا بن' ضعف بصر وغیرہ وغیرہ' امراض کا قلع قمع کر کے نظر کو از حد تیز بنا دیتا ہے' اس کی ایک ہی سلائی اپنا مسیحائی اثر ظاہر کرتی ہے۔ اگر اس کو سب سرموں کا سردار کہیں تو کوئی مبالغہ نہیں' نسخہ موصوف یہ ہے۔

**ھوالشافی :** کوڑی زرد' صدف خورد یعنی سپیاں' دونوں کو آگ میں رکھ کر

Scanned by CamScanner

کشتہ کریں' اب ان میں کشتہ صدف ۳ ماشہ' کشتہ کوڑی ۳ ماشہ' مصری خانہ زنبور ۴ ماشہ' توتیا بریاں' پھٹکڑی بریاں ہر ایک ۲ ماشہ' پیپلی ۲ ماشہ' مرچ سفید جو کہ سیاہ مرچوں کے اندر ملی ہوئی ہوتی ہیں چودہ دانہ' سرد چینی ۶ ماشہ' افیون پختہ ایک ماشہ' زنگار مس تین پھلا' جست ۲ تولہ' پہلے تمام ادویات کو کھرل میں باریک کر کے ایک کھانسی کی تھالی میں ڈال کر نیم کے دستے سے جس کے نیچے تانبے کا پیسہ لگایا گیا ہو۔ دو دن متواتر کھرل کریں' قدرے ترشک بوٹی کا پانی بھی ڈالتے جائیں خشک ہو جانے پر محفوظ رکھیں' رات کو سوتے وقت تین سلائیاں ڈالا کریں۔ جملہ امراض چشم کے لیے بڑی ہی نعمت ہے۔

## (۱۳) ککرے

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ' مرچ سیاہ مساوی الوزن لے کر کھانسی کے برتن میں ڈال کر عرق لیموں سے ۳ دن خوب کھرل کر کے احتیاط سے رکھیں' بوقت ضرورت آنکھوں میں لگایا کریں۔ ان شاء اللہ دو تین یوم میں ککرے نیست و نابود ہو جائیں گے۔

(۱۴) **ھوالشافی :** کوڑی سوختہ ایک تولہ۔ رسونت چھ ماشہ' ہر دو ادویات کو باریک پیس کر آنکھوں میں لگایا کریں۔ ان شاء اللہ ککرے رفع ہو جائیں گے۔ علاوہ اس کے دھند' جالا' غبار' خارش' پانی جانا و دیگر امراض کے لیے بڑا ہی مفید تحفہ ہے۔

Scanned by CamScanner

# دانت اور کان کی بیماریاں

## (۱۵) دانتوں سے خون بہنا

ایک ہی دن کے استعمال کرنے سے خون بند ہو کر دانت اپنی جگہ جم جاتے ہیں اور درد وغیرہ چلا جاتا ہے۔

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ چھ ماشہ' افیون تین ماشہ سرمہ کی طرح باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ اور بطور منجن استعمال میں لائیں۔ ان شاء اللہ پہلے روز ہی خون آنا بند ہو جائے گا۔ اگر اس کو ہمیشہ استعمال کرتے رہیں تو ہر قسم کے امراض دندان سے امن میں رہیں گے۔ گویا کہ جملہ امراض دنداں کا نہایت اعلیٰ تریاق ہے۔

## (۱۶) منجن محافظ دنداں

دو تین یوم کے لیے استعمال سے میل کچیل سے آلود دانتوں کو موتیوں کی طرح سفید بنا کر نہایت مضبوط بنا دینا اس کا ایک ادنیٰ کرشمہ ہے' جملہ امراض دنداں میں اکسیر صفت ہے۔

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ' صدف سوختہ' کتھ سفید' کف دریا' نمک لاہور ہر

Scanned by CamScanner

ایک ایک تولہ' مرچ سیاہ ۳ ماشہ سب کو باریک پیس کر ڈبیہ وغیرہ میں بھر رکھیں اور دونوں وقت مسواک یا برش سے دانتوں پر خوب ملیں۔ چند منٹ میں درد سے تسکین ہو جائے گی۔ دانتوں کے لیے از حد مفید ہے بنا کر فائدہ اٹھائیں۔ ان شاء اللہ اکسیر سے بڑھ کر موثر پائیں گے۔

## (۱۷) داڑھ کا درد

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ' پھٹکڑی بریاں' ہر ایک ایک تولہ۔ عاقر قرحا۔ زیرہ سفید' نمک لاہوری' اجوائن' نوشادر ہر ایک چھ ماشہ' افیون ۴ رتی' سب کو باہم ملا کر خوب پیس کر دانتوں پر ملا کریں۔ چند منٹ میں درد سے تسکین ہو جائے گی۔ درد دنداں کے لیے از حد مفید ہے' صحیح معنوں میں اکسیر صفت دوا ہے۔

## (۱۸) درد کان

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ حسب ضرورت باریک پیس کر شیشی میں بھر رکھیں۔ بوقت ضرورت بقدر ۴ رتی کان میں ڈال کر اوپر سے لیموں کا رس آٹھ دس قطرے ڈال دیں' فوراً اندر سے جوش سا اٹھ کر درد کان اور گرانی وغیرہ کا دفعیہ ہو جائے گا۔ متعدد مرتبہ کا مجرب ہے۔

## (۱۹) سیلان الاذن

یہ نسخہ ہمہ صفت موصوف ہے' کان کا زخم' پیپ درد وغیرہ کے لیے از حد مجرب ہے۔

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ تین عدد' کندر' انزروت' گل ارمنی' پھٹکڑی

Scanned by CamScanner

بریاں، بورک ایسڈ، سب کو باریک پیس کر ملالیں، اور چار سے چھ رتی تک نلکی وغیرہ سے کان میں پھونک دیں۔ کان کی جملہ امراض میں غایت درجہ مفید ہے۔

## (۲۰) کان کی رگ کا پھٹنا

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ کو باریک پیس کر کان میں پھونکنا بھی اس بیماری میں بہت مفید ہے۔

## (۲۱) زخم کان

**ھوالشافی :** کان کو پیپ سے صاف کرنے کے بعد زرد کوڑی جلاکر باریک پیس کر کان میں ڈالیں۔ زخم بہت جلد خشک ہوگا۔

## (۲۲) ورم حلق بیرون

**ھوالشافی :** اگر ورم پک کر پھوٹ گیا ہو، تو اس کے اندمال اور ازالہ کے لیے سہاگہ بریاں نصف حصہ، کوڑی زرد سوختہ ایک حصہ کو باریک پیس کر بذریعہ نلکی کان میں پھونکیں۔ زخم اور پیپ کو آرام ہو جائے گا۔

Scanned by CamScanner

پانچواں باب

# منہ اور گلے کی بیماریاں

## (۲۳) آبلہ دھن

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ چھ ماشہ، طباشیر ۶ ماشہ، ہر دو ادویات کو باریک پیس کر رکھ چھوڑیں، بوقت ضرورت ایک ماشہ دوا منہ میں رکھ کر اوپر سے بکری کے دودھ کی چند دھاریں ماریں، ان شاء اللہ ایک دو بار اسی طرح کرنے سے سخت سے سخت آبلے چلے جائیں گے۔

## (۲۴) ورم سوراخ تالو

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ، کتھ پاپڑ یہ مساوی الوزن لے کر باریک پیس لیں۔ ضرورت کے وقت چار رتی دوا لے کر قدرے شہد میں ملا کر اوپر لگائیں۔ ایک دو بار کے لگانے سے بفضلہٖ آرام ہو جائے گا۔ تیر بہدف نسخہ ہے۔

## (۲۵) خنازیر یعنی کنٹھ مالا کا علاج

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ، پھٹکری بریاں، کتھ، سنگ مردہ، سنگ جراحت ہر ایک ۶ ماشہ، سپاری کلاں ایک عدد، نیلا تھوتھا ۲ ماشہ، سب کو باریک پیس کر سرمہ کی طرح بنالیں، بعدہ روغن سرسوں یا تلوں کے تیل ایک پاؤ میں ایک گرگٹ جلا

Scanned by CamScanner

لیں۔ جب گرگٹ جل کر خاک ہو جائے' تو اسے باہر پھینک دیں۔ اب برگ نیم ایک چھٹانک کی ٹکیہ بنا کر اسی روغن میں ڈال دیں۔ جب یہ ٹکیہ بھی جل جائے تو اس کو بھی باہر پھینک دیں۔ اب اس میں موم ۲ تولہ ملا کر گرم کریں' جب موم پگھل جائے تو اوپر والی باریک شدہ ادویات ملا کر نیچے اتار لیں' کسی کھرل وغیرہ میں ڈال کر خوب زور دار ہاتھوں سے دو گھنٹہ کھرل کر کے ڈبیہ وغیرہ میں محفوظ رکھیں۔ ضرورت کے وقت خنازیر کی گلٹیوں پر لگاتے رہیں۔ ان شاء اللہ الکریم بہت جلد گلٹیاں تحلیل ہو کر مرض بیخ و بن سے چلا جائے گا۔

## (۲۶) خوراکی نسخہ

مذکورہ بالا نسخہ کی مالش کریں' اور مندرجہ ذیل نسخہ کھانے کو دیں۔ پھر کوئی وجہ نہیں کہ خنازیر جیسے مرض سے نجات حاصل نہ ہو۔ یہ علاج بہت سی مرتبہ تجربہ کرنے پر اعلیٰ درجہ کا مفید اور مجرب ثابت ہو چکا ہے۔

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ ۲ تولہ' ہلدی ۴ تولہ' پہلے ہلدی کو کھرل میں ڈال کر خوب باریک کر لیں۔ بعدہ کوڑی سوختہ ملا کر پیسیں۔ یہاں تک کہ سرمہ کی طرح باریک ہو جائے تو کسی شیشی میں ڈال رکھیں۔ صبح نہار منہ بقدر ۶ ماشہ دوائی دے کر اوپر سے چند گھونٹ پانی کے پلائیں۔ چند روز کا استعمال ہی مرض کو رفع دفع کرنے کے لیے کافی ہے۔ تجربہ کر دیکھیں۔ ان شاء اللہ اکسیر سے بڑھ کر پائیں گے۔

Scanned by CamScanner

جرنتا باب

# سینہ اور پھیپھڑے کی بیماریاں

## (۲۷) ذات الجنب

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ باریک شدہ تین ماشہ' انڈے کی زردی میں ملا کر جائے درد پر ضماد کریں۔ اور اوپر کاغذ چسپاں کر کے قدرے آگ کا سینک دیں۔ تا کہ لیپ خشک ہو جائے۔ بفضل خدا خشک ہوتے ہی درد سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔ ذات الجنب' نمونیہ' درد سینہ کا مجرب اور بے خطا نسخہ ہے۔

## (۲۸) جوشاندہ

اگر مذکورہ بالا نسخہ کا ضماد کرائیں۔ اور یہ جوشاندہ پلائیں تو سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے۔

**ھوالشافی :** چھلکا بیخ ارنڈ چھ ماشے' سونٹھ آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تقریباً تین چھٹانک باقی رہ جائے تو مل چھان کر قدرے کھانڈ ملائیں۔ اور اس کے ہمراہ چار رتی کشتہ کوڑی بھی دیں۔ بحکم خداوند تعالیٰ آدھ گھنٹہ میں درد وغیرہ سے افاقہ ہو جائے گا۔

Scanned by CamScanner

## (۲۹) کھانسی

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ' سہاگہ بریاں' ہر دو مساوی الوزن لے کر خوب باریک پیس کر شیشی وغیرہ میں لگا رکھیں' ضرورت کے دونوں وقت چار رتی سے ا ماشہ تک نیم گرم پانی یا چائے کے ساتھ دیا کریں۔ان شاء اللہ ایک ہفتے کے لگا تار استعمال سے کہنہ سے کہنہ کھانسی حرف غلط کی طرح مٹ کر صحت ہو جائے گی۔

## (۳۰) کھانسی ہر قسم

**ھوالشافی :** کوڑی زرد حسب ضرورت لے کر ایک دن رس پان میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیں اور کسی کوزہ گلی میں جس کو ابھی تک پانی وغیرہ نہ لگا ہو۔ٹکیہ مذکور میں رکھ کر گل حکمت کے بیس سیر اپلوں کی آگ میں رکھ کر کشتہ کر لیں۔سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت چار رتی سے ایک ماشہ تک پان میں رکھ کر نہار منہ کھلائیں' اور رس وغیرہ اندر ہی نگلتے رہیں۔ چند یوم کے استعمال سے ہر قسم کی کھانسی سے آرام ہو جائے گا۔

(۳۱) **ھوالشافی :** کوڑی زرد کا چونا تیار کر لیں۔ ہر قسم کی کھانسی کو اکسیر ہے۔ یہ دوا ڈیڑھ ماشہ کی مقدار میں' اگر خشک کھانسی ہو تو ہمراہ بالائی اور اگر کھانسی تر ہو تو ہمراہ شہد استعمال کرائیں۔رات کے وقت۔

## (۳۲) نفث الدم

**ھوالشافی :** کوڑی کا کشتہ' سندرس' کہربا' ملتانی مٹی' طباشیر' تمام ادویات مساوی الوزن لے کر باریک پیس کر رکھیں۔نہار منہ ایک ماشہ سے دو ماشہ تک

Scanned by CamScanner

آب تازہ یا دودھ کی لسی سے پھانک لیا کریں۔ ان شاء اللہ تین چار یوم میں خون کا اخراج بند ہو جائے گا۔

## دمہ

آپ بخوبی جانتے ہیں۔ کہ دمہ کس قدر ظالم مرض ہے۔ واقعی اس کا مریض زندہ در گور ہوتا ہے۔ ذیل میں ایک نہایت عمدہ چٹکلہ حوالہ قلم ہے۔ جو کہ مرض دمہ کا دفعیہ کرنے میں بہت مفید ہے۔ خاص کر بلغمی دمہ کے لیے اکسیر چیز ہے۔

(۳۳) **ھوالشافی** : کوڑی زرد ۵ تولے کو شیر مدار میں ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ یہاں تک کہ دو سیر شیر مدار جذب ہو جائے۔ اب اس کو دو سکوروں میں بند کر کے گل حکمت کر دیں۔ خشک ہونے پر دس پندرہ سیر اپلوں میں رکھ کر کشتہ کر لیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ بس جادو اثر دوا ہے۔ باریک پیس کر شیشی میں لگا رکھیں۔ روزانہ نہار منہ دو رتی دوا دو تولے شہد میں ملا کر چٹا دیا کریں۔ اور بوقت خواب دو رتی دوا عرق سونف کے ہمراہ دیا کریں۔ ان شاء اللہ پندرہ روز کے استعمال سے خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔

ساتواں باب

# معدہ، آنتوں، جگر اور تلی کی بیماریاں

## (۳۴) درد معدہ

**ھوالشافی :** کوڑی کا کشتہ ایک ماشہ، مرچ سیاہ ایک ماشہ دونوں کو باریک کر کے لیموں کی پھانک پر چھڑک کر چوسائیں۔ ان شاء اللہ اسی وقت درد جاتا رہے گا۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی معدہ ہے، علاوہ اس کے سول شکم، اپھارہ، بدہضمی، ہیضہ، درد پیٹ کے لیے نہایت ہی مجرب دوا ہے۔ بنا کر آزمائیں۔ اور ہماری فراخ دلی کی داد دیتے ہوئے کبھی نہ کبھی دعائے خیر سے ضرور یاد فرما لیا کریں۔

## (۳۵) ضعف معدہ

یوں تو اوپر کا نسخہ ضعف معدہ کے لیے اکسیری چیز ہے۔ تاہم ذیل میں ایک نہایت آسان اور مجرب چٹکلہ نذر ناظرین ہے بنا کر فائدہ اٹھائیں۔

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ ایک تولہ، دانہ الائچی خورد تین ماشہ، مصری ۲ تولے۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر رکھیں۔ کھانا کھانے کے بعد چار رتی سے ایک ماشہ تک پانی سے نوش فرما لیا کریں۔

Scanned by CamScanner

## (۳۶) جگر کی کمزوری

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ باریک پیس کر رکھیں۔ بہتر یہ ہے کہ برگ سرس کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کے کے کشتہ کریں۔ اور باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ روزانہ صبح کے وقت دو رتی تک مکھن میں رکھ کر دیا کریں۔ ان شاء اللہ چند یوم میں بیماری رفع دفع ہو جائے گی۔

## (۳۷) یرقان

**ھوالشافی :** کشتہ کوڑی ۶ ماشہ' سہاگہ بریاں ایک تولہ' دونوں باہم ملا کر ایک ماشے کی مقدار میں ایک چھٹانک عرق مولی کے ساتھ دونوں وقت دیا کریں۔ ان شاء اللہ ایک ہفتے کے استعمال سے مدت کا مرض چلائے جائے گا۔ چند مرتبہ تجربہ میں آ کر اکسیر ثابت ہو چکی ہے۔

## (۳۸) طلسمی سلائی

جس کے آنکھوں میں لگانے سے ہی یرقان رفع ہو جاتا ہے۔

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ حسب ضرورت لے کر ایک ہفتہ تک کدو کے پھولوں کے رس سے کھرل کر کے شیشی میں لگا رکھیں اور ضرورت کے وقت مریض کی دونوں آنکھوں میں لگایا کریں۔ چند یوم کے لگانے سے ان شاء اللہ مرض کا فور ہو جائے گا۔ اکسیر الاثر نسخہ ہے' بنا دیکھیں۔

## (۳۹) اسہال خونی

**ھوالشافی :** کشتہ کوڑی ۴ رتی سے ایک ماشہ تک دن میں دو مرتبہ دہی کے

Scanned by CamScanner

ساتھ دیا کریں۔ تین چار خوراکوں میں آرام ہو جائے گا۔

## (۴۰) اسہال و سنگرہنی

**ھوالشافی :** کوڑی حسب ضرورت لے کر ایک مٹی کے برتن میں رکھ کر گل حکمت کر کے کشتہ کر لیں۔ پھر باریک پیس کر اس کے برابر وزن نمک لاہوری ملا کر رکھیں۔ بوقت ضرورت بقدر تین ماشہ ۲ تولے شہد میں حل کر کے چٹایا کریں۔ غذا چاول دہی کے ساتھ۔

## (۴۱) اکسیر سنگرہنی

**ھوالشافی :** کشتہ کوڑی ایک تولہ باریک پیس کر محفوظ رکھیں اور روزانہ ایک ماشے سے تین ماشے تک پانی کے ساتھ دیا کریں۔ دوران استعمال میں چاول دودھ سے کھلاتے رہیں۔ ان شاء اللہ ایک ہفتے میں سنگ رہنی بیخ و بن سے اڑ جائے گی۔

(۴۲) **ھوالشافی :** کشتہ کوڑی تین ماشے' نمک ایک ماشہ' اتنی خوراک روزانہ صبح کے وقت ایک تولہ شہد میں ملا کر چٹا دیا کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ ایک ہفتے کے استعمال سے مرض بالکل نیست و نابود ہو جائے گا۔

**غذا :** دودھ چاول اور بس۔

(۴۳) **ھوالشافی :** کشتہ کوڑی' کشتہ حلزون' ہر ایک ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ' پارہ مصفےٰ' مرچ سیاہ ہر ایک چھ ماشہ' پہلے گندھک اور پارہ کی کجلی بنا کر بعد میں دوسری ادویات ملا کر عرق لیموں سے دو یوم کھرل کر کے حبوب نخودی تیار فرمائیں۔ خشک ہونے پر محفوظ رکھیں۔ بس سنگرہنی کی شرطیہ دوا تیار ہے۔

Scanned by CamScanner

صبح کے وقت ایک گولی دہی سے دیا کریں۔ اگر دہی دستیاب نہ ہو سکے تو چھاچھ ہی سہی۔ پندرہ یوم کے بلا ناغہ استعمال سے پرانا مرض چلا جاتا ہے۔

## عظم طحال

تلی کا بڑھ جانا بھی ایک شدید مرض ہے۔ حکمائے قدیم و جدید کا فرمان ہے کہ تلی بڑھ جانا صحت کے لیے بڑا خطرناک ہے۔ طحال جتنی چھوٹی ہو گی' اتنا ہی انسان مضبوط اور طاقت والا ہو گا۔ اس کے برعکس طحال جتنی بڑی ہو گی۔ اتنا ہی انسان کمزور و ناکارہ ہو گا۔ ذیل میں چند مفید سے مفید نسخے حوالہ قلم کر رہا ہوں۔ جو بارہا کے مجرب ہیں۔

### (۴۴) اکسیر اعظم طحال

**ھوالشافی :** کوڑی زرد بیس عدد' کوئلوں کی آگ پر رکھ کر سالم ہی جلا لیں۔ اور باریک پیس کر چالیس تولے عرق لیموں میں حل کر کے بوتل میں بھر لیں اور اچھی طرح ہلا کر کارک لگا رکھیں۔ بوقت ضرورت اس دوا میں سے تین ماشے شربت دینار ۵ تولے میں ملا کر دونوں وقت پلایا کریں۔ ان شاء اللہ الکریم ایک ہفتے کے استعمال سے بڑی سے بڑی تلی اپنی اصلی حالت پر آ جائے گی۔

### (۴۵) مجرب خیساندہ

**ھوالشافی :** کوڑی زرد دو عدد رات کو چینی کے برتن میں ڈال کر اوپر چار تولہ عرق لیموں ڈالیں۔ اور تمام شب باہر پڑا رہنے دیں۔ صبح نہار منہ آب زلال لے کر نوش فرما لیا کریں۔ اکیس یوم کے استعمال سے ان شاء اللہ شدید سے شدید تلی

اپنی اصلی حالت پر آ جائے گی۔

**(۴۶) ھوالشافی :** کوڑی زرد حسب ضرورت لے کر اوپر تیزاب گندھک اس قدر ڈالیں کہ دو انگل اوپر رہے اور برتن کا منہ بند رکھیں۔ جب کوڑی مذکور تیزاب میں حل ہو جائے تو چھان کر بوتل میں بھر لیں۔ بس دوا تیار ہے۔ پہلے کسی چیز کے ایک دو لقمے کھا کر ایک ماشہ سے ۳ ماشے تک' ایک چھٹانک پانی میں ملا کر پلا دیا کریں۔ یہ نسخہ اپنی نظیر آپ ہے۔

## (۴۷) سپرزی

**ھوالشافی :** صلابت و عظم طحال کے لیے مفید ہے۔ مریض کتنا ہی مایوس اور بے جان رہا ہو۔ اس کی چند ہی خوراک سے تندرست ہونے لگتا ہے۔ لطف یہ کہ بہت آسان چٹکلا ہے۔

**اجزاء :** خرمہرہ زرد ایک عدد' آب لیموں ۳ تولہ میں چینی یا کانچ کے پیالے میں رات کو تر رکھیں۔ صبح حل کر کے پی لیں۔ ایک ہفتہ میں بڑھی ہوئی تلی کو درست کر دے گا۔ دوسرے ہفتہ میں صلابت و یبوست طحال رفع کر دے گا۔ حسب حالات وضرورت روزانہ اسی ترکیب سے ایک دو تین ہفتہ تک استعمال کر سکتے ہیں۔ بے ضرر اور نفع بخش چیز ہے۔

## (۴۸) آسان نسخہ

**ھوالشافی :** کوڑی خورد زرد رنگت کی حسب ضرورت لے کر کوزہ گلی میں بند کر کے کشتہ کریں۔ باریک کھرل کر کے شیشی میں لگا رکھیں۔ اور طحال والے کو دو سے ۳ ماشے تک مناسب بدرقہ سے دیں۔ ان شاء اللہ بہت تھوڑے عرصے کے اندر تلی کا ورم وغیرہ دور ہو جائے گا۔

Scanned by CamScanner

آٹھواں باب

# گردہ مثانہ اور مقعد کی بیماریاں

## (۴۹) درد گردہ

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ ایک ماشہ' ہینگ ۲ رتی۔ دونوں کو ملا کر ایک ہی بار پانی سے کھلائیں۔ ان شاء اللہ درد سے فوراً آرام ہو جائے گا۔

## (۵۰) بندش پیشاب

**ھوالشافی :** کوڑی زرد حسب ضرورت لے کر غبار کی طرح باریک پیس کر پانی کے ہمراہ گاڑھا سا لیپ تیار کر کے پیڑو پر ضماد کریں۔ ان شاء اللہ فوراً پیشاب کھل کر آنے لگے گا۔ بڑا ہی فوری اثر نسخہ ہے۔

(۵۱) **ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ ۳ ماشہ' لسی شیر بز کے ساتھ کھلائیں۔ بہت جلد رکاوٹ دور ہو کر پیشاب کھل کر آنے لگے گا۔ یہ آسان نسخہ فوائد میں کمال درجہ کا ثابت ہوا ہے۔

## (۵۲) مسہ بواسیر

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ حسب ضرورت باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت ایک ماشہ پاؤ بھر کھچڑی اور گھی جتنا بھی کھا سکیں۔ اتنا ملا کر کھائیں اور دن بھر کچھ نہ کھائیں۔ چند روز اسی طرح استعمال کرنے سے مسے خشک ہو کر معدوم ہو جائیں گے۔ علامہ قرشیؒ نے اس کو مجرب لکھا ہے۔

## (۵۳) تریاق بواسیر

**ھوالشافی :** کوڑی زرد ۲ تولے۔ توتیا بریاں ایک تولہ' چھلکا ہرڑ کلاں ۶ ماشہ'

Scanned by CamScanner

رسونت ٦ ماشہ۔ تخم بکائن ٦ ماشہ۔ سب کو باہم ملا کر خوب باریک پیس کر عرق گلاب کے ذریعے حبوب بقدر ایک ایک رتی کے تیار کر لیں۔ خوراک ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ' بواسیر کے لیے اکسیر الاثر دوا ہے۔ جس سے دو ہی خوراکوں میں خون آنا بند ہو جاتا ہے۔ اور پندرہ روز کے استعمال سے شکایت بالکل رفع ہو جاتی ہے' پھر کبھی نہیں ہوتی۔"

## (۵۴) اکسیر بواسیر

جو کہ مولوی محمد ابراہیم صاحب جالندھری کا مایہ ناز اور معمول مطب ہے۔

**ھوالشافی :** کوڑی زرد چار تولے' نیلا تو تیا بریاں ٦ تولے' پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ' کتھ سفید ایک تولہ' رسونت ایک تولہ' برگ مہندی ایک تولہ' تخم بکائن ایک تولہ۔ ہلدی ایک تولہ سب کو عرق گلاب میں کھرل کر کے حبوب نخودی تیار فرمائیں' دونوں وقت ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ کے دیا کریں۔ اوپر سے گھی ملیدہ کھلائیں۔ مجرب المجرب ہے۔

## (۵۵) مرھم بواسیر

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ ایک تولہ' رسونت ایک تولہ' کچلہ ایک تولہ' باریک پیس کر تین تولہ مکھن جو کہ ایک سو ایک مرتبہ پانی سے صاف کیا ہو' اس میں ملا کر خوب انگلی وغیرہ سے حل کر لیں۔ یہاں تک کہ آپس میں تمام یک ذات ہو جائیں۔ اب کسی کھلے منہ کی شیشی یا ڈبیہ وغیرہ میں بھر لیں۔ دونوں وقت انگلی وغیرہ سے........ منہ ہائے بواسیر پر لگایا کریں۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ کے لگانے سے مسے خشک ہو کر گر جائیں گے۔

Scanned by CamScanner

نواں باب

# جلد کی بیماریاں

## (۵۶) ناسور

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ کانسی کی تھال میں رکھ کر نیم کے دستے سے جس میں تانبے کا پیسہ لگا ہو۔ خوب کھرل کریں یہاں تک کہ سرمہ کی طرح سیاہی مائل ہو جائے کسی شیشی میں لگا رکھیں۔ ضرورت کے وقت کام میں لائیں ایک ماشہ سے دو ماشہ تک فتیلہ کے ذریعے ناسور کے اندر رکھیں۔ چند یوم کے استعمال سے ان شاء اللہ مرض چلا جائے گا۔

## (۵۷) دیگر

**ھوالشافی :** کوڑی زرد، مغز تخم املی مقشر مساوی الوزن لے کر غبار کی مانند باریک پیس کر رکھیں۔ ایک ماشہ سے دو ماشہ دوا قدرے پانی میں حل کر کے فتیلہ تر کر کے ناسور کے اندر رکھیں۔ اگرچہ اس سے تکلیف ضرور ہو گی مگر فائدہ بہت ہو گا۔

## (۵۸) ورم

**ھوالشافی :** کوڑی خورد دو تولہ پانی میں باریک پیس کر ورم پر طلاء کریں۔ دو تین مرتبہ کے لیپ سے ان شاء اللہ معدوم ہو جائے گا۔

## (۵۹) لاجواب مرہم

پھوڑا، پھنسی، دنبل، آبلہ وغیرہ کے لیے بڑی ہی لاجواب مرہم ہے۔ جو کہ اپنے اثر میں کسی کو ثانی نہیں رکھتی۔

Scanned by CamScanner

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ ایک تولہ' سندھور چھ ماشہ' روغن کنجد (تلوں کا تیل) ایک چھٹانک' پہلے روغن کنجد کو کسی آہنی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب تیل خوب گرم ہو جائے تو سندھور ڈال دیں' اور لوہے کے سیخ سے ہلاتے رہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد کوڑی سوختہ جو پہلے ہی باریک کر لی گئی ہو ڈال دیں۔ جب تیل کی رنگت سیاہ ہو جائے تو اتار لیں۔ بس اعجاز را مرہم تیار ہے' قدرے مرہم پارچہ کے ٹکڑے پر جس کے درمیان سوراخ کیا ہو چپکا کر لگائیں۔ ان شاء اللہ ہر قسم کے پھوڑا پھنسی وغیرہ کے لیے بڑی مفید چیز ہے۔ بنا کر فائدہ اٹھائیں۔

## (۶۰) آبلہ

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ ایک تولہ' باریک پیس کر دو تولہ مکھن میں ملا کر آبلوں پر لگاتے رہیں۔ ان شاء اللہ ایک دو یوم کے لگانے سے آرام ہو جائے گا۔

## (۶۱) آگ سے جلنا

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ' حسب ضرورت باریک پیس کر احتیاط سے رکھیں۔ بوقت ضرورت جلی ہوئی جگہ روغن سرسوں سے چپڑ کر اوپر یہ دوائی چھڑک دیا کریں۔ اگلے روز زخم کو نیم کے پانی سے صاف کر کے بدستور لگائیں' ان شاء اللہ چند یوم کے لگانے سے زخم اچھا ہو جائے گا۔

## (۶۲) داد

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ دو تولہ' سہاگہ نیم بریاں دونوں کو باریک پیس کر رکھ چھوڑیں۔ ضرورت کے وقت ایک ماشہ دوا قدرے لیموں کے عرق میں ملا کر داد پر طلاء کریں۔ اس سے معمولی سی سوزش ہو کر جلد فائدہ ہو جائے گا۔

Scanned by CamScanner

دوران استعمال میں داد پر پانی ہرگز نہ لگنے پائے بڑی ہی عمدہ اور مجرب دوا ہے۔
نیز اگر کوڑی کو خالص سرمہ میں گھس کر لگایا جائے تب بھی یہی فائدہ ہو گا۔

## (۶۳) برص

**ھوالشافی :** کوڑی، توتیا گجراتی، کتھ سفید، ہر ایک ایک تولہ سب کو باریک پیس کر بقدر ایک ماشہ دوا پانی کے ہمراہ ملا کر جائے برص پر طلاء کریں اور ذیل کی دوا کھانے کو دیں، پھر قدرت کا مشاہدہ کریں۔

## (۶۴) خوراکی نسخہ

**ھوالشافی :** کوڑی زرد تین تولے، توتیا سبز ایک تولہ دونوں کو بکری کے پتہ کے رس سے کھرل کر کے قرص بنا لیں، خشک کر کے کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں، خشک ہونے پر بیس سیر اپلوں میں کشتہ کرلیں، سرد ہونے پر نکال لیں خاکستری رنگ کا کشتہ برآمد ہو گا۔ باریک پیس کر شیشی میں لگا رکھیں، ایک چاول مکھن میں رکھ کر دیا کریں۔ ان شاء اللہ چند یوم کے استعمال سے داغ رفع ہو جائیں گے۔ اگر پہلے مسہل دے دیں تو بہت ہی بہتر ہے۔ دوران استعمال میں قبض نہ ہونے دیں۔ کوئی نہ کوئی قبض کشاء دوا ضرور استعمال میں رکھیں۔

## (۶۴) ضماد برص

**ھوالشافی :** کوڑی حسب ضرورت باریک پیس کر رکھیں ایک ماشہ سے تین ماشہ تک سرکہ میں ملا کر طلا کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد آرام ہو گا۔

## (۶۵) داغ

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ، نوشادر ہموزن لے کر داغوں پر ملا کریں۔ انشاء اللہ

Scanned by CamScanner

جلد کے ہر قسم کے داغ دور ہو کر جلد کی رنگت اصلی حالت پر آ جائے گی۔

## (۶۷) بھق

یہ بھی ایک برص کی قسم ہوتی ہے' اس کے لیے مندرجہ ذیل ٹوٹکہ نہایت مفید ہے۔
**ھوالشافی :** کوڑی سرکہ میں گھس کر طلا کیا کریں۔ انشاء اللہ ایک ہفتے کے اندر اندر صحت ہو جائے گی۔

## (۶۸) مھاسہ' کیل' جھری

**ھوالشافی :** زرد کوڑیاں حسب ضرورت لے کر سرکہ انگوری میں حل کر رکھیں۔ اگر خوشبودار بنانا ہو تو چند قطرے کسی عرق کے ڈال کر خوب حل کریں اور ضرورت کے وقت منہ پر طلا کر کے سو رہیں۔ صبح شیر بز کے ساتھ منہ صاف کر کے تولیہ وغیرہ سے پونچھ دیا کریں۔ چند یوم کے بعد چہرہ کی رونق دوبالا ہو جائے گی۔

بازاری ابٹن اور کریم وغیرہ سے ہزارہا درجے بہتر ہے۔

(۶۹) **ھوالشافی :** کوڑی حسب ضرورت لے کر کسی چینی کے برتن میں ڈال کر رس لیموں اس قدر ڈالیں کہ چار انگلی اوپر رہے۔ جب عرق خشک ہو جائے تو باریک پیس لیں اور کسی شیشی میں لگا رکھیں۔ رات سوتے وقت منہ پر ملا کریں۔ مہاسے کیل' داغ وغیرہ سب دور ہوں گے۔

## (۷۰) چیچک کے داغ

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ' انبہ ہلدی' سرکنڈہ مساوی لے کر رات سوتے وقت شیر بھینس میں ملا کر لگایا کریں۔ صبح گرم پانی سے دھویا کریں۔ چند ہفتے یہی عمل جاری رکھیں۔

Scanned by CamScanner

## (۷۱) اکوتہ

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ' نیلا تھوتھا' ہلدی' برابر وزن لے کر عرق لیموں میں پیس کر ضماد کیا کریں۔ بہت جلد شکایت دفع ہو جائے گی۔

## (۷۲) عرق مدنی

**ھوالشافی :** کوڑی حسب ضرورت سوختہ کر کے باریک پیس لیں۔ تین ماشہ روزانہ صبح کو دہی کے ساتھ دیا کریں۔ اگر گرمی محسوس ہو تو پھر دہی پلا دیا کریں۔ خوراک دہی اور خشکہ باقی تمام چیزوں سے پرہیز۔ ان شاء اللہ ایک دو بار کے استعمال سے نارو انکل جائیگا۔ چوٹی کا نسخہ ہے۔

## (۷۳) آتشک

**ھوالشافی :** کوڑی سفید' دانہ الائچی خورد' برابر وزن لے کر باریک کھرل کر کے سفوف بنا لیں۔ روزانہ صبح کے وقت دو تولہ سفوف دو تولہ شیرہ برگ سرکنڈہ کے ہمراہ دیا کریں۔ ان شاء اللہ چند یوم کے استعمال سے کہنہ مرض چلا جائے گا۔ اکثر حکماء نے اسے نہایت ہی مجرب لکھا ہے۔

## (۷۴) مرہم برائے آتشک

**ھوالشافی :** کشتہ کوڑی چھ ماشے' رسونت چھ ماشے' رسکپور چھ ماشے' مردار سنگ چھ ماشے' کمبلہ چھ ماشے' موم زرد ڈیڑھ تولہ' روغن گاؤ (گائے کا گھی) چار تولہ' تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر رکھ لیں۔ پہلے موم کو روغن گاؤ میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب موم پگھل جائے تو دوسری ادویات ملا کر اتار لیں اور آتشک کے زخموں پر لگائیں۔ ان شاء اللہ الکریم ایک ہفتہ لگانے سے گلے سڑے

Scanned by CamScanner

زخم بالکل ٹھیک ہو جائیں گے۔ اعلیٰ درجے کی مرہم ہے بارہا آزمائش کی کسوٹی پر پرکھی جا چکی ہے۔ آپ بھی بنا کر فائدہ اٹھائیں۔

## (۷۵) اکسیر آتشک

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ بیس عدد، ہلیلہ زنگی ایک چھٹانک، پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ، صدف سوختہ چھ ماشے تمام ادویات کو تیس عدد لیموں کے رس میں کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کر لیں۔ ایک گولی صبح کے وقت بغیر لگائے ہوئے پان میں چبا لیا کریں۔ ان شاء اللہ اکیس یوم کے استعمال سے مدتوں کا مرض شرطیہ دور ہو گا۔

## (۷۶) مرھم دافع زخم آتشک

**ھوالشافی :** کوڑی زرد خام، کتھ ہر ایک چھ ماشہ، مردار سنگ چار ماشہ، توتیا سبز ایک ماشہ، مشک کافور تین ماشہ، موم زرد دو تولہ، روغن گاؤ چار تولہ، پہلے خشک شدہ ادویات کو باریک پیس لیں۔ بعدہ گھی کو پچیس مرتبہ پانی سے صاف کر کے آگ پر رکھیں، گرم ہونے پر موم ڈال دیں جب موم حل ہو جائے تو دوسری ادویہ شامل کر کے نیچے اتار لیں۔ پھر کسی چیز سے اچھی طرح حل کر کے ڈبیہ وغیرہ میں بھر لیں۔ دونوں وقت آتش کے زخموں پر لگایا کریں۔ چند بار کے ملنے سے ان شاء اللہ اس خبیث مرض سے نجات حاصل ہو گی۔ استعمال سے قبل اور ایک مرتبہ دوران استعمال میں مسہل ضروری دیں۔

حکیم محمد وارث علی خاں صاحب کا ارشاد ہے کہ یہ مرہم آتشک کے لیے نافع نہیں بلکہ انفع ہے۔ عجائب نہیں بلکہ غرائب ہے۔

Scanned by CamScanner

دسواں باب

# بخار

## (۷۷) موسمی بخار

کوڑی زرد سوختہ تین تولہ' کالی مرچ دو تولہ' دونوں کو خوب باریک پیس کر رکھیں۔ بخار آنے سے ایک گھنٹہ قبل چار رتی دوا مویز منقٰی میں رکھ کر کھلائیں۔ ان شاء اللہ بخار ہرگز نہ ہوگا۔ مجربین نے اس کی از بس تعریف کی ہے۔

## (۷۸) حَبّ نو بتی

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ حسب ضرورت لے کر دو یوم متواتر رس گھیکوار سے کھرل کر کے رتی رتی کی گولیاں بنا رکھیں۔ اور بخار آنے سے پہلے گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے تین گولیاں پانی کے ہمراہ دیں۔ ان شاء اللہ بخار ہرگز نہ ہوگا۔ اگلی مرتبہ پھر اسی طرح کریں۔

## (۷۹) بخار ہر قسم

اس دوا کے چند یوم کے استعمال سے بفضلہٖ تعالیٰ پرانے سے پرانا بخار بھی رفع ہو جاتا ہے۔ پھر لطف یہ کہ ہر قسم کے بخاروں میں اپنا جادو اثر ظاہر کرتی ہے۔

Scanned by CamScanner

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ تین تولہ' سنکھ سوختہ چار تولہ' پارہ دو ماشہ' گندھک آملہ سار دو ماشہ' سہاگہ دو ماشہ' اول پارہ اور گندھک کی کجلی بنائیں۔ پھر سہاگہ ڈال کر کھرل کرتے رہیں ۔ بعد ازاں سنکھ شامل کر کے کھرل کریں' بعدہ تمام ادویہ ایک جا ملا کر تھوڑا تھوڑا گائے کا دودھ ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے رہیں ایک پاؤ دودھ ختم ہونے کے بعد ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے بیس سیر اپلوں کے درمیان رکھ کر کشتہ کر لیں' سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک پیس کر احتیاط سے رکھیں۔ ایک رتی سے دو رتی تک مناسب بدرقہ سے دیں۔ بحکم خدا مدتوں کا بخار دنوں میں کافور ہو گا۔ مجرب المجرب نسخہ ہے۔

## (۸۰) تپ دق

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ ایک تولہ' گندھک آملہ سار چھ ماشہ' تخم دھتورہ سیاہ ایک تولہ' سنکھ سوختہ ایک تولہ' مرچ سیاہ ایک تولہ' پیپلی ایک تولہ' عاقر قرحا ایک تولہ' تمام ادویہ کو باریک پیس کر ایک دن جوشاندہ سونٹھ سے خوب کھرل کریں۔ خشک ہونے پر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت روزانہ صبح کے وقت ایک رتی دوا بتاشہ میں رکھ کر دیا کریں۔ ان شاء اللہ پندرہ بیس یوم کے استعمال سے صحت ہو جائے گی۔

## (۸۱) لوک ناتھ رس

یہ ویدک کا بڑا ہی مجرب نسخہ ہے۔ جو کہ تپ دق کے لیے اکسیر مانا ہوا ہے تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔

**ھوالشافی :** کوڑی جو کہ نہ بہت بڑی ہوں اور نہ ہی زیادہ چھوٹی ہوں' آٹھ

Scanned by CamScanner

تولے لے کر رکھ دیں۔ شنگرف سے نکالا ہوا پارہ دو تولہ' گندھک آملہ سار مصفیٰ دو تولہ' دونوں کو کھرل میں ڈال کر کجلی بنا لیں۔ بعدہ یہ تمام ادویہ ان کوڑیوں میں بھر دیں۔ اس کے بعد سہاگہ کو دودھ کے ساتھ کھرل کر کے کوڑیوں کا منہ اس سے بند کر دیں۔ زاں بعد سولہ سنکھ کے ٹکرے لے کر مٹی کے پیالہ میں نصف نیچے رکھ کر اوپر یہ کوڑیاں رکھ دیں۔ باقی ماندہ سنکھ کے ٹکڑے اوپر دے کر دوسرا پیالہ دے کر خوب اچھی طرح گل حکمت کر کے گجپٹ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ اور باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت چھ رتی دوا ۲۹ عدد مرچ سیاہ کے سفوف کے ساتھ دیا کریں۔

**نوٹ :** جن پیالوں میں کشتہ کیا جائے پہلے ان کے اندر چونا قلعی کا لیپ کریں۔ پھر کام میں لائیں۔

Scanned by CamScanner

گیارھواں باب

# مردوں اور عورتوں کی بیماریاں

## (۸۲) اکسیر جریان

یہ آسان سا چٹکلہ جریان کے لیے از حد مفید ہے۔ پندرہ یوم کے استعمال سے مدت کا مرض چلا جاتا ہے۔ میرے تجربے میں اکثر مفید ہی ثابت ہوا ہے۔

**ھوالشافی :** کوڑی زرد' صدف خورد مساوی الوزن لے کر کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں' خشک ہونے پر بقدر حاجت آگ دے کر کشتہ کر کے باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ روزانہ صبح کے وقت ایک ماشہ سے دو ماشہ تک مکھن میں رکھ دیا کریں۔ غذا گندم کی روٹی روغن زرد سے۔

## (۸۳) احتلام

**ھوالشافی :** کوڑی سفید سوختہ کر کے باریک پیس لیں۔ دونوں وقت ایک ماشہ دوا مکھن میں رکھ کر دیا کریں۔ نہایت مفید ہے۔

## (۸۴) سیلان الرحم

**ھوالشافی :** کوڑی زرد ایک تولہ' مردہ سنگ چھ ماشہ' دونوں کو ایک دن پانی سے کھرل کریں' دوسرے روز سرکے میں' تیسرے روز عرق لیموں سے اور

Scanned by CamScanner

چوتھے روز عرق ادرک سے کھرل کر کے خشک ہونے پر شیشی میں بحفاظت رکھیں۔ خوراک دو رتی سے چار رتی تک پانی سے دیدیا کریں۔ سیلان الرحم کی شرطیہ دوا ہے۔ جریان، سوزاک، سنگرہنی، ضعف معدہ وغیرہ امراض میں از حد مفید ہے۔

## (۸۵) کثرت حیض و استحاضہ

**ھوالشافی :** کوڑی سفید خورد چھ ماشہ، رات کو بکری کے دودھ میں بھگو دیں۔ صبح کھرل کر کے نہار منہ مکھن دو تولہ مصری ایک تولہ ملا کر کھایا کریں۔ ان شاء اللہ تین یوم کے استعمال سے کثرت حیض و استحاضہ کو خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔

## (۸۶) اکسیر راحت

**اجزاء :** سنگ جراحت نرم و ملائم ۵ تولہ، خرمہرہ (کوڑی) زرد ڈھائی تولہ۔ دونوں کو جوکوب کر کے برگ بانسہ کے نغدہ میں دے کر کوزہ گلی میں بند کر کے خشک ہونے پر دس سیر پختہ اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔

سرد ہونے پر نکال کر کوزہ کے اندر سے جو کچھ نکلے یعنی بمعہ خاکستر بانسہ وغیرہ پیس کر محفوظ رکھیں۔ اکسیر پر تاثیر تیار ہے۔

**خوراک :** ۱ تا ۳ ماشہ دن میں دو تین دفعہ ہمراہ شربت انجبار یا اعجاز بدرقہ مناسب جو بروقت موزوں ہوں۔

**منفعت خاص :** نفث الدم مدقوق مسلول کو پہلی خوراک سے ہی ان شاء اللہ حیران کن فائدہ ہونے لگتا ہے۔ کئی دفعہ کا آزمودہ ہے میں نے تجربہ کیا ہے۔ کہ سات سالہ مریضہ کا سل کا خون پہلے ہی روز تین خوراک سے پتلا ہو گیا اور پھر نہیں آیا۔

Scanned by CamScanner

## (۸۷) جوبن سنگار

عورت کی خوبصورتی میں پستانوں کی سختی نہایت ہی ضروری ہے۔ پستانوں کا ڈھیلا ہو کر لٹک جانا نہایت ہی بدنما معلوم ہوتا ہے۔ ماہرین صنفیات تو پستانوں کے ڈھیلے اور بدنما ہو جانے کی وجہ سے چند ایسی خرابیاں بیان کرتے ہیں۔ جن کے لکھنے کی تہذیب اجازت نہیں دیتی۔ ذیل میں ایک نہایت آسان چٹکلہ ہدیہ ناظرین ہے۔ جس کے چند روزہ استعمال سے ڈھیلی اور لٹکی ہوئی چھاتیاں اپنی اصلی حالت پر مثل دوشیزہ کے ہو جاتی ہیں۔

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ' کندر برابر وزن لے کر باریک کر رکھیں رات کو سوتے وقت ایک تولہ سفوف لے کر سرکہ میں حل کر کے پستانوں کے نیچے اور ارد گرد خوب طلاء کرائیں۔ خشک ہو جانے پر کپڑے سے باندھ کر سونے کی ہدایت کریں۔ ایک ہفتہ کے بعد ملاحظہ فرمائیں۔

## (۸۸) ورم پستان

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ ایک تولہ' مویز منقیٰ دو تولہ' مغز بادام ایک تولہ پانی کے ذریعے پیس کر گاڑھا سا ضماد بنا کر جائے ورم پر لیپ کریں۔ ان شاء اللہ دوسری مرتبہ لگانے کی شاذ و نادر ہی ضرورت پڑے گی۔

Scanned by CamScanner

بارھواں باب

# متفرقات

## (۸۹) اکسیر سوزاک

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ سات عدد' کوئلوں کی تیز آگ پر رکھ کر کشتہ کر لیں۔ باریک پیس کر برابر وزن کی سات پڑیہ بنا لیں۔ روزانہ صبح ایک پڑیہ آب دہی سے دیا کریں۔ غذا' دہی اور خشکہ' باقی تمام اشیاء سے پرہیز۔ بفضلہٖ ایک ہفتہ میں آرام ہو جائے گا۔ نہایت عجیب وغریب اور آسان چٹکلہ ہے۔

(۹۰) **ھوالشافی :** کوڑی زرد' مردار سنگ' توتیا ہلدی' دار چکنہ' ہلیلہ سیاہ ہر ایک چھ ماشہ' باریک پیس کر لیموں کے عرق میں اچھی طرح کھرل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ پچیس لیموں کا پانی جذب ہو جائے۔ نخودی گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی مکھن میں رکھ کر دیا کریں۔ غذا مرغن دیا کریں۔

## (۹۱) پچکاری سوزاک

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ' سات عدد' دانہ الائچی خورد ایک ماشہ' توتیا خام دو ماشہ' گیرو سرخ ڈیڑھ تولہ۔ کتھ سفید چار ماشہ تمام ادویہ باریک پیس کر بوتل میں پانی سے حل کر کے مضبوط کارک لگا رکھیں۔ بوقت ضرورت دونوں وقت پچکاری کیا کریں۔ بفضلہٖ جلد شکایت رفع ہو جائے گی۔

## (۹۲) باؤ گولہ

**ھوالشافی :** کوڑی اکیس عدد لے کر ان کو دو تولہ چوکیہ سہاگہ سے بھر دیں اور ایک ہفتہ تک لیموں میں بھگو رکھیں۔ اسی دوران میں کوڑی مذکور گل جائیں گی۔

Scanned by CamScanner

نکال کر باریک کر کے اکیس گولیاں برابر وزن تیار کر لیں۔ ایک گولی روزانہ پانی کے ہمراہ دیا کریں مجرب المجرب ہے۔

## (۹۳) نکسیر

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ حسب ضرورت باریک پیس رکھیں۔ بوقت ضرورت قدرے نسوار دیں۔ بفضلہٖ نکسیر فوراً بند ہو جائے گی۔

## (۹۴) نکسیر بند کرنے کی عجیب چٹکی

اس کے استعمال سے فوراً خون کی دھاریں بہتی ہوئی رک جاتی ہیں۔ اگر ایک ہفتہ مسلسل استعمال کرتے رہیں، تو ان شاء اللہ نکسیر کا آنا ہمیشہ کے لیے بند ہو جائے گا۔ بڑا ہی عجیب و غریب نسخہ ہے۔

**ھوالشافی :** کوڑی زرد رنگت کی ایک تولہ لے کر آگ میں سوختہ کریں۔ اور باریک پیس کر شیشی میں رکھیں۔ بقدر ایک رتی بوقت ضرورت ذرا سے گھی میں حل کر کے ناک میں چڑھائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ اسی بوقت خون بند ہو جائے گا۔

## (۹۵) بال صفا پاؤڈر

**ھوالشافی :** کوڑی حسب ضرورت سوختہ کر کے باریک پیس کر ڈبیہ وغیرہ میں لگا رکھیں۔ بوقت ضرورت لیموں کے عرق سے گاڑھا سا لیپ بنا کر جس جگہ کے بال اڑانا مقصود ہو ضماد کریں۔ پانچ منٹ کے بعد پانی سے صفا کر دیں۔

## (۹۶) نفیس پاؤڈر

**ھوالشافی :** کوڑی حسب ضرورت تین دفعہ لیموں کے عرق سے تر و خشک کر کے میدہ کی طرح باریک کریں۔ بوقت خواب قدرے پانی میں حل کر کے منہ پر طلاء کریں۔ صبح گرم پانی سے دھو دیا کریں۔ نہایت عمدہ چیز ہے۔

Scanned by CamScanner

## (۹۷) اکسیر سل

**ھوالشافی :** کوڑی زرد حسب ضرورت لے کر دو یوم متواتر عرق کدو سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے کشتہ کر لیں۔ باریک پیس کر شیشی میں لگا رکھیں۔ چار رتی سے ایک ماشہ تک مکھن میں دیا کریں۔ بفضلہٖ جلد فائدہ ہوگا۔

## (۹۸) اکسیر گوش آسان ' مجرب اور فوری اثر نسخہ

اگر کان میں درد ہو یا پانی پڑا ہو تو صرف ایک دفعہ کا استعمال ہی اس کے لیے مفید ہے۔

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ اور بوقت ضرورت ۲ رتی کے قریب کان میں ڈال کر اوپر سے کاغذی لیموں کا رس ڈال دیں یا ۵۔۶ قطرے انگوری سرکہ ڈال دیں۔

**نوٹ :** اگر کان میں پیپ ہو تو یہ نسخہ استعمال نہ کریں۔

## (۹۹) دانتوں سے خون آنا

دو تین کوڑیاں لے کر انہیں جلا لیں اور خاکستر کر لیں۔ پھر اس سے نصف مقدار میں پھٹکڑی اور چوتھا حصہ کافور ملا کر باریک پیس لیں۔ بوقت ضرورت مسوڑھوں پر ملیں۔ خون اور پیپ آنا موقوف ہو جائے گا۔

## (۱۰۰) تپ دق

یہ ایک انتہائی خطرناک مرض ہے۔ جس میں مبتلا ہونے والا شاذ و نادر ہی صحت یاب ہوتا ہے۔ اس کی ابتدائی سٹیج میں کوڑی بھی مفید ہوتی ہے۔ مگر انتہائی حالت میں یہ موثر نہیں رہتی۔ ایک نسخہ درج ذیل ہے۔

Scanned by CamScanner

**ھوالشافی :** کوڑی سوختہ ایک تولہ ۔ سنگ جراح سوختہ ۴ تولہ کھرل میں باریک پیس لیں اور صبح و شام گدھی کے دودھ ایک پاؤ یا شربت عناب ۲ تولہ سے کھلائیں ۔ ان شاء اللہ ۲ ہفتہ میں تندرستی کی علامات چہرہ سے معلوم ہوں گی ۔

## (۱۰۱) عظم طحال کی اکسیری گولیاں

گندھک کا تیزاب ۳ تولہ لے کر اس میں ۲ تولہ زرد کوڑیاں ملا کر حل کر کے نرم نرم آگ پر پکائیں ۔ ۲ ۔ ۳ گھنٹہ میں کوڑیاں کشتہ ہو جائیں گی ۔ پھر اس میں مندرجہ ذیل ادویات شامل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں ۔

قلمی شورہ، نوشادر، سہاگہ بریاں، خوردنی سوڈا ۲ ۔ ۲ تولہ، صبر، فیرس سلفیٹ ایک ایک تولہ ۔

## (۱۰۲) سفوف سوزاک

قرحہ سوزاک کیلئے باعث سکون اور سوزاک کی ابتدائی حالت میں موثر دوا ہے ۔

**ھوالشافی :** کوڑی زرد سوختہ ۳ تولہ، کافور ۳ ماشہ، روغن صندل ڈیڑھ تولہ کتھ سفید ۳ ماشہ، خوب باریک پیس کر صبح دوپہر شام ایک ایک ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۴ تولہ کھلائیں ۔ مریض کو دودھ چاول، بکری کا دودھ، کھیر کھلائیں اور کھاری سوڈا پلائیں ۔

## (۱۰۳) کثرت حیض کی زود اثر گولیاں

کسی مٹی کے برتن میں چند کوڑیاں ڈال کر رات کو تنور میں رکھیں اور صبح نکال کر کاغذی لیموں کے پانی میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں ۔ اور صبح و شام ایک ایک گولی ۲ تولہ شربت انار ترش کے ہمراہ کھائیں ۔

## (۱۰۴) بواسیر کے مسوں کو گرانا

**ھوالشافی :** کوڑی اور ہڈی انسان ہر دو کو سوختہ کر کے باریک کرلیں اور

Scanned by CamScanner

قدرے پانی میں ملا کر بواسیر کے مسوں پر ضماد کیا کریں۔
بفضلہٖ مسے بہت جلد گر جائیں گے۔ نہایت مجرب ہے۔

## (۱۰۵) کوڑی میں ہیرے

### سنگ رهنی کی لیے تریاق

یہ نسخہ بھی خدا کے حکم سے ہمہ صفت موصوف اور اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ مگر ہے معمولی چیز۔ اس میں خداوند کریم نے اس قدر اثر بھرا ہے کہ اس کا اندازہ وہی لگا سکتا ہے۔ جس کے تجربہ میں ایک دفعہ آ چکا ہو۔ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ اعتقاد کامل ہونا ضروری ہے۔ یوں تو خدا تعالیٰ نے کوئی بھی شے فضول پیدا نہیں کی۔ ہر ایک چیز میں کوئی نہ کوئی اثر ضرور پنہاں ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ خدا کی پیدا کردہ چیزوں میں حیل و حجت نہ کرنی چاہیئے۔ ورنہ بے ادبی میں شمار ہو گی۔

**ھوالشافی :** کوڑی جن کو جواء بازی کا آلہ خیال کیا جاتا ہے' حسب ضرورت لے کر ایک کوزہ گلی میں بند کر کے اچھی طرح حکمت کر کے اچھی طرح آگ میں رکھ دیں۔ ان کو کشتہ کر لیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ اگر کچھ کسر رہ جائے تو ایک آگ اور دے دیں۔ بالکل ملائم بلائی جیسا کشتہ ہو جائے گا۔ اب اس کے برابر وزن شیشہ نمک ملا کر خوب باریک کھرل کر کے شیشی میں بحفاظت رکھیں۔ ضرورت کے وقت صبح بقدر چھ ماشہ شہد میں ملا کر چٹایا کریں۔ مجرب ہے۔

(طبی چٹکلے)

Scanned by CamScanner

تیرھواں باب

# کشتہ جات

## (۱۰۶) کشتہ کوڑی آب لیموں والا

ضعف معدہ، درد شکم اور آنتوں کی رطوبت کو دور کرتا ہے۔ دافع اسہال ہے۔ سنگرہنی اور طحال کے لیے مفید ہے

**ھوالشافی :** ایک چھٹانک کوڑیاں لے کر لیموں کے پانی میں پانچ روز بھگوئے رکھیں۔ بعد ازاں مٹی کے کوزے میں بند کر کے اچھی طرح گل حکمت کریں اور پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں جب کوڑیاں جل جائیں تو باریک پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔ بوقت ضرورت ایک تا ۲ رتی شربت انار کے ساتھ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ ہفتہ عشرہ میں شفا ہو گی۔

## (۱۰۷) کشتہ کوڑی برائے سوزاک

چند کوڑیاں زرد لے کر آگ میں رکھیں اور حسب دستور کشتہ کر لیں اور باریک پیس کر سنبھال رکھیں بوقت ضرورت ۳ ماشہ کشتہ مکھن کے ساتھ نوش فرمائیں اور کچھ دیر بعد لسی میں قدرے چینی ملا کر اتنی مقدار میں پلائیں جتنی پی جا سکے ان شاء اللہ العزیز پرانے سے پرانا سوزاک ایک ہفتہ میں دور ہو جائے گا۔

(۱۰۸) زرد رنگ کی سات عدد کوڑیاں لے کر ان کو گھی میں بریاں کر لیں حتیٰ کہ کوڑیاں پھٹ جائیں۔ پھر گھی خشک ہونے پر انہیں کھرل کر کے کبابہ اور الائچی خورد ایک ایک ماشہ ملا کر کھرل کر لیں۔ ان کو سات مساوی خوراکوں میں تقسیم کر کے ہر روز صبح ایک خوراک ہمراہ مکھن استعمال کریں۔ سوزاک کے لیے مفید ہے۔

## (۱۰۹) کشتہ کوڑی شیر مدار والا

کوڑی ۱۰ تولہ منسل ایک تولہ کو جوکوب کر کے شیر مدار ۱۰ تولہ میں ملا کر کوزہ

Scanned by CamScanner

گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر دس سیر اپلوں کی محفوظ الہوا مقام پر آگ دیں۔ سرد ہونے پر خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک نصف سے ایک رتی تک مویز منقیٰ میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے پانچ تولہ عرق گاؤزبان پلائیں۔

مخرج بلغم، دافع ضیق النفس اور سعال کہنہ ہے۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے کہنہ سے کہنہ دمہ کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

## (۱۱۰) کشتہ کوڑی آب لیموں والا

کچکوڑی بقدر ضرورت لے کر جوکوب کر کے کانسی کے برتن میں ڈال دیں اور اس پر آب لیموں اس قدر ڈالیں کہ ان کے اوپر آ جائے۔ برتن کو محفوظ جگہ رکھیں۔ جب آب لیموں خشک ہو جائے تو اور ڈال دیں تا کہ تمام کچکوڑی آب لیموں میں حل ہو جائیں اور کوئی حصہ بھی باقی نہ رہے۔ پھر چوب نیم کے ڈنڈے کے ساتھ جس میں تانبہ کا پیسہ نصب کیا گیا ہو اس برتن میں اچھی طرح سحق کر کے خشک کر لیں۔ سحق جس قدر زیادہ کریں گے اسی قدر عمدہ ہو گا سلائی کے ساتھ آنکھوں میں صبح اور رات کو سوتے وقت لگائیں۔ ضعف بصارت، جالا، پھولا، روہے ککرے اور آشوب چشم کے لیے اکسیر ہے (الحکیم لاہور)۔

## (۱۱۱) کشتہ کوڑی آب کٹائی والا

یہ کشتہ دمہ، کھانسی ہر قسم، پیٹ درد، ضعف معدہ اور بدہضمی کے لیے اکسیری صفات کا حامل ہے۔

**ترکیب تیاری :** ک ۷ عدد زرد کوڑیاں لے کر انہیں آگ میں ڈال دیں۔ جب سرخ ہو جائیں تو کٹائی خورد کے پانی میں سات مرتبہ بجھاؤ دیں۔ پھر پیس کر ان میں ۲ ماشہ سہاگہ اور ۲ ماشہ مرچ سیاہ ملا کر کھرل کریں۔

**ترکیب استعمال :** ایک ماشہ صبح ہمراہ پانی یا بتاشہ میں رکھ کر کھائیں۔

Scanned by CamScanner